BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN

OBJECTIVE KEY FOR SSC ~~10th~~/9th ANNUAL Examination, 2016.

Name of Subject اردو ادب Session _____

Q. Nos.	Paper Code	Paper Code	Paper Code	Paper Code
	5371			
1.	B			
2.	B			
3.	C			
4.	A			
5.	B			
6.	C			
7.	D			
8.	B			
9.	A			
10.	C			
11.	B			
12.	A			
13.	B			
14.	C			
15.	C			
16.				
17.				
18.				
19.				
20.				

سرٹیفکیٹ بابت تصحیح سوالیہ پرچہ/مارکنگ Key

ہم نے مضمون اردو ادب پرچہ "ج" گروپ سالانہ میٹرک سالانہ 2016 کا سوالیہ پرچہ انشائیہ/معروضی (Subjective & Objevtive) کو بنظر عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ سلیبس کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں اور سلیبس (Syllabus) کے مطابق بھی ہیں۔نیز اس پرچہ کی Key کی بابت بھی تصدیق کی جاتی ہے کہ یہ بھی درست بنائی گئی ہے۔اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔
مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیارہ کردہ ہدایات وصول کر کے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔

PREPARED & CHECKED BY

Sr.No	Name	Designation	Institution	Mobile No.	Signature
1.	KHURSHID AHMAD	SSS	GHSS Aslam Pur	03007343459	
---	---	---	---	---	19/3/16
---	---	---	---	---	

رول نمبر _____ 2016 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم)

اردو ادب وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

حصہ اِنشائیہ

حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔(الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ **10 = 4 + 6**

(i) کمال ان میں رہتے ہیں باقی نہ جوہر — نہ عقل ان کی ہادی، نہ دین ان کا رہبر

(ii) جلتے ہیں جبرئیلؑ کے پر جس مقام پر — اس کی حقیقتوں کے شناسا تمھیں تو ہو

(iii) کیا غازیانِ فوجِ خدا نام کر گئے — اُمت کی مغفرت کا سرانجام کر گئے

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔

(i) پھرتی رہی تڑپتی ہی عالم میں جا بجا — دیکھا نہ میری آہ نے روئے اثر کہیں

(ii) کیوں نہ ہوتے عزیز غیر تمھیں — میری قسمت میں خوار ہونا تھا

حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجیے۔ **10 = 2 + 1 + 1 + 6**

اتنے میں ایک خاتون ہلکے سبز رنگ کی ساڑھی میں ملبوس ڈرائنگ روم میں تشریف لائیں۔ قدرے شوخ میک اپ کیا ہوا تھا۔ عمر میں وہ شاہ سے جو چالیس سال کے پیٹے میں معلوم ہوتے تھے یقیناً آٹھ دس برس چھوٹی ہوں گی۔ مسٹر شاہ نے میری ادبی صلاحیتوں کے بارے میں کچھ زیادہ ہی مبالغہ آرائی سے کام لیتے ہوئے اپنی بیگم سے میرا تعارف کرایا جس پر انھوں نے بڑے ادب سے مجھے سلام کیا۔ میں نے اپنی منکسر المزاجی کو ایک ہلکی سی مسکراہٹ سے ظاہر کرتے ہوئے ان کے سلام کا جواب دیا اور وہ ڈرائنگ روم ہی میں ایک بڑی سی میز پر چائے کے برتن سجانے میں مصروف ہو گئیں۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ **10**

(i) سرگزشت آزاد بخت پادشاہ کی (ii) آنگن

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے۔ **5**

(i) کربلا کے صف شکن مجاہد (ii) مفلسی

6۔ درج ذیل کی تعریف کیجیے۔ **20**

(i) مقطع (ii) تشبیہ (iii) ردیف (iv) اسم معرفہ

7۔ افسانے '' گھر سے گھر تک '' میں کس معاشرتی رویے کی نشاندہی کی گئی ہے؟ **5**

PAPER CODE
NUMBER: 5371

2016 (A)

رول نمبر _____

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم)

اردو ادب

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

حصہ معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) ابن انشاء کا اصلی نام تھا۔ (A) غلام محمد (B) شیر محمد (C) غلام علی (D) محمد علی

(2) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے، کہلاتا ہے۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

(3) اردو کا پہلا عوامی شاعر تسلیم کیا جاتا ہے۔ (A) مولانا ظفر علی خاں (B) علامہ محمد اقبال (C) نظیر اکبر آبادی (D) میر حسن

(4) " باغ و بہار " تصنیف ہے۔ (A) میر امن (B) رجب علی بیگ سرور (C) مولانا نذیر احمد (D) خدیجہ مستور

(5) امتحان کے بعد سب لوگ عالیہ کو _____ نصیحت کرتے تھے۔ (A) مزید پڑھنے کی (B) اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کی (C) گھر بیٹھے رہنے کی (D) سیر و سیاحت کی

(6) مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی۔ (A) باغ میں (B) چٹیل میدان کی طرف (C) پائیں باغ میں (D) دریا کی سمت

(7) نظم " کربلا کے صف شکن مجاہد " کے شاعر ہیں۔ (A) اکبر الہ آبادی (B) نظیر اکبر آبادی (C) میر حسن (D) میر انیس

(8) چھ چھ مصرعوں کے بندوں پر مشتمل نظم کو کہتے ہیں۔ (A) مخمس بند (B) مسدس بند (C) رباعی بند (D) قطعہ بند

(9) سبق " بدنصیب ماں " کے مصنف ہیں۔ (A) پریم چند (B) خدیجہ مستور (C) مولانا نذیر احمد (D) احمد ندیم قاسمی

(10) جینا _____ سے ہو تو مرنا اچھا۔ (A) عزت (B) شان (C) ذلت (D) آن

(11) رباعی میں مصرعوں کی تعداد ہوتی ہے۔ (A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

(12) کلام میں متضاد الفاظ کے لانے کو کہتے ہیں۔ (A) صنعت تضاد (B) صنعت تکرار (C) تشبیہ (D) تلمیح

(13) " فسانہ عجائب " کے مصنف ہیں۔ (A) میر امن (B) رجب علی بیگ سرور (C) مولانا نذیر احمد (D) میر حسن

(14) مومن خان مومن پیدا ہوئے۔ (A) لکھنؤ (B) بنارس (C) دہلی (D) لاہور

(15) سبق " مرحوم کی یاد میں " کے مصنف ہیں۔ (A) ابن انشا (B) آغا حشر (C) پطرس بخاری (D) غلام عباس